## ملک کی نازک صورتحال کا تقاضہ ہے کہ تمام سیاسی ومذہبی جماعتیں اپنے اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر ملک کی بقاء وسلامتی کے ایک نکاتی ایجنڈے پر متفق ہوجائیں، ڈاکٹر فاروق ستار

## ملک کی نازک صورتحال کا تقاضہ ہے کہ ایک دوسرے کو برداشت کیا جائے

## ایسے نازک وقت میں بھی سازشی عناصر ایم کیوایم کے خلاف سازشوں اور پروپیگنڈوں میں مصروف ہیں

## ایم کیوایم کراچی کے سیکٹرز انچارجز، یونٹ انچارجز اور ٹاؤن ناظمین کے مشترکہ اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔۔22، دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز اور قومی اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ ملک کی نازک صورتحال کا تقاضہ ہے کہ تمام سیاسی ومذہبی جماعتیں اپنے اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر ملک وقوم کی بقاء وسلامتی کے ایک نکاتی ایجنڈے پر متفق ہوجائیں اور ملک کو درپیش مسائل سے نکالنے کیلئے قومی یکجہتی کا اظہار کریں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم کراچی کے سیکٹر انچارجز، یونٹ انچارجز اور حق پرست ٹاؤن ناظمین کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے اراکین شعیب بخاری ایڈوکیٹ، انیس احمد قائم خانی، نیک محمد اور آنسہ ممتاز انوار بھی موجود تھیں۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ملک خطرات میں گھرا ہوا ہے اور اس وقت اتحاد ویکجہتی کی اشد ضرورت ہے لیکن ایسے نازک وقت میں بھی نفرت وتعصب پر یقین رکھنے والے سازشی عناصر ایم کیوایم کے خلاف سازشوں اور پروپیگنڈوں میں مصروف ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کا واحد جرم یہی ہے کہ وہ ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ اور وڈیرانہ نظام کے خاتمہ کی جدوجہد کررہی ہے اور اسی جدوجہد کی پاداش میں ایم کیوایم کو مسلسل طرح طرح کی سازشوں، الزامات اور تعصّبات کا سامنا کرنا پڑا ہے۔انہوں نے کہا کہ جو عناصر ایم کیوایم کے خلاف سرگرم عمل ہیں وہ ملک وقوم کے کھلے دشمن ہیں۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ملک کی نازک صورتحال کا تقاضہ ہے کہ ایک دوسرے کو برداشت کیا جائے اور تمام سیاسی ومذہبی جماعتیں اپنے اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر ملک وقوم کی بقاء وسلامتی کے ایک نکاتی ایجنڈے پر متفق ہوجائیں اور عالمی سطح پر درپیش مسائل سے ملک کو نکالنے کیلئے قومی یکجہتی کا اظہار کریں۔ڈاکٹر فاروق ستار نے تمام ذمہ داران پر زور دیا کہ موجودہ حالات ہم سے مزید ذمہ داری اور فرض شناسی کا مظاہرہ کرنے کا تقاضہ کرتا ہے لہٰذا تحریک کے ذمہ داران وکارکنان ذمہ داری سے اپنے فرائض انجام دیں اور جناب الطاف حسین کے بیانات، خطابات اور تحریکی لٹریچر کا مطالعہ لازمی طور پر کریں۔

## ایم کیوایم سانگھڑ زون کی زونل کمیٹی کے رکن عبدالمالک شر علالت کے باعث انتقال کرگئے

## مرحوم کو سانگھڑ میں نیاز آباد کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا، الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔22، دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ سانگھڑ زون کی زونل کمیٹی کے رکن عبدالمالک شر علالت کے باعث انتقال کرگئے۔مرحوم کی عمر 30 سال تھی اور ان کے سوگواران میں والدہ سمیت 4 بھائی اور 3 بہنیں شامل ہیں۔مرحوم کو سانگھڑ میں نیاز آباد کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے اراکین، حق پرست رکن سندھ اسمبلی سہیل یوسف، ایم کیوایم حیدرآباد، نوابشاہ زونل کمیٹیوں کے اراکین، سیکٹر و یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے عبدلمالک شر کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی اور اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان نے بھی عبدالمالک شر کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور مرحوم کی مغفرت کیلئے دعا کی ہے۔

## کارکنان اور حق پرست عوام ایم کیوایم لیبر ڈویژن حبیب بینک یونٹ کے کارکن شباب حیدر اور ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن ظفر اقبال کی والدہ محترمہ فاطمہ حمیدہ بانو کی صحتیابی کیلئے دعا کریں۔الطاف حسین

لندن۔۔۔22 دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لیبر ڈویژن حبیب بینک یونٹ کے کارکن شباب حیدر اور ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن ظفر اقبال کی والدہ محترمہ فاطمہ حمیدہ بانو کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان دونوں کی صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔انہوں نے کارکنان اور حق پرست عوام سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ شباب حیدر اور محترمہ فاطمہ حمیدہ بانو کی صحتیابی کیلئے دعا کریں۔

## رابطہ کمیٹی کے رکن محمد انور کے بھانجے ذیشان حیات کے انتقال پر ایم کیو ایم امریکہ کا اظہار تعزیت

نیویارک۔۔۔22دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ امریکہ کے سینٹرل آرگنائزر اعجاز صدیقی اور سینٹرل آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے رابطہ کمیٹی کے رکن محمد انور کے بھانجے ذیشان حیات کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔اپنے بیان میں انہوں نے محمد انور، ان کے بہنوئی اور سابق ٹاؤن ناظم معو داحمد حیات اوران کے تمام اہل خانہ سے بھی دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ ذیشان حیات مرحوم کی مغفرت فرمائے اور تمام لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

## نیو کراچی ٹاؤن یوسی کلیانہ کی حق پرست لیڈی کونسلر اور لائنز ایریا سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔22، دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے نیوکراچی ٹاؤن یوسی کلیانہ کی حق پرست خاتون یونین کونسلر فوزیہ ظفر کی والدہ محترمہ فریدہ بیگم اور ایم کیوایم لائنز ایریا سیکٹر یونٹ 196 کے کارکن محمد خلیل خان کی والدہ محترمہ یاسمین جہاں کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی لندن کے رکن محمد انور کے بھانجے اور سابق ٹاؤن ناظم گلبرگ معو داحمد حیات کے صاحبزادے سید ذیشان احمد حیات کا سوئم منگل کو ہوگا

کراچی۔۔۔22، دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی لندن کے رکن محمد انور کے بھانجے اور سابق ٹاؤن ناظم گلبرگ سید معو داحمد حیات کے صاحبزادے سید ذیشان احمد حیات مرحوم کا سوئم 23دسمبر منگل کو ہوگا جس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔سوئم کا انتظام سید ذیشان احمد حیات مرحوم کی رہائشگاہ واقع بنگلہ نمبر CDGK 2، کے ایم سی نزد تین تلوار عقب آئیڈیل ہوم کلفٹن میں بعد نماز ظہر تا عصر کیا گیا ہے۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے کارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ سوئم کے اجتماع میں بھرپور تعداد میں شرکت کریں اور پابندی وقت کا خیال رکھیں۔

☆☆☆☆☆